SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
October 20, 2016

کارپوریٹ سیکٹر کی آسانی کے لئے مؤثر اقدامات کا اجراء

عوام کو ایس ای سی پی سے براہ راست رجوع کرنے کی تلقین

اسلام آباد، ۲۰ اکتوبر ۲۰۱۶: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) ایک عرصے سے کمپنیوں کو رجسٹریشن میں آسانی فراہم کرنے کے لئے نئے اقدامات کر رہا ہے۔

ایس ای سی پی نے چھوٹی کمپنیوں کی رجسٹریشن فیس اور کم سرمایہ کی حامل کمپنیوں کی فائلنگ فیس میں واضح کمی کی ہے، ایس ای سی پی کمپنیوں کو ان کی رجسٹریشن پر کمپنی کی تشکیل کے دستاویزات اور دیگر دستوری گوشواروں کی مصدقہ اصل نقول بلا معاوضہ فراہم کرتا ہے۔ تیز ترین رجسٹریشن کے نظام کے تحت انکارپوریشن کا وقت بھی چار گھنٹے سے کم کر کے دو گھنٹے کر دیا گیا ہے۔

ایس ای سی پی نے گلگت میں کمپنی رجسٹریشن دفتر اور سیالکوٹ، ایبٹ آباد اور گوادر میں سہولتی کاؤنٹرز کا آغاز کر کے اپنی رسائی ممکن بنائی ہے۔ آن لائن فنڈز ٹرانسفر اور کریڈٹ کارڈز کے ذریعے فیس کی آن لائن ادائیگی اور نیفت سے آن لائن ڈیجیٹل دستخطوں کا حصول غیر ملکیوں کو سہولت دینے کے لئے فراہم کئے گئے ہیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

کمیشن نے کسی اضافی فیس کے بغیر کمپنی کی اسی دن آن لائن انکارپوریشن کا بھی آغاز کیا ہے جو کہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹ https://www.secp.gov.pk/company-formation/memorandum-and-articles-of-association/short-memorandum-of-association/ پر موجود ہے۔ دوسری چیزوں کے علاوہ ویب سائٹ پر ۶۸ سیکٹرز کمپنی کے مختصر دستور موجود ہیں جن کے اختیار کرنے سے پروموٹر آسانی سے کمپنی کی تشکیل کروا سکتے ہیں۔

مندرجہ بالا تمام سہولیاتی اقدامات متعارف کرانے کے باوجود، یہ دیکھا گیا ہے کہ پروموٹرز براہ راست کمیشن کو کمپنی کی تشکیل کے لئے درخواست نہیں دیتے جس کے باعث پاکستان میں کاروبار کرنے کا وقت اور اخراجات دونوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ مزید یہ اندیشہ بھی ہے کہ کمیشن کی جانب سے فراہم کی جانے والی بلا معاوضہ مصدقہ نقول کا بھی غلط استعمال کیا جاتا ہے اور باہر کے نمائندے کمپنیوں کو یہ فراہم کرنے کے پیسے وصول کرتے ہیں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے درج بالا سہولتوں کا مقصد ہی یہی تھا کہ خاص طور پر کمپنیوں کے ایس ای سی پی کے ساتھ براہ راست رابطے کو فروغ دیا جائے۔

چنانچہ عوام الناس سے یہ گزارش کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی تشکیل اور ای سروسز سے متعلق دیگر معاملات کے ساتھ ساتھ دستاویزات جمع کرانے کے لئے ایس ای سی پی سے براہ راست رجوع کریں۔ ای سروسز ایک اینڈ ٹو اینڈ آن لائن نظام ہے جو ہر وقت دستیاب ہے۔ مزید یہ کہ ایس ای سی پی کی جانب سے بلا معاوضہ مصدقہ نقول کے حصول کے لئے کسی کو ادائیگی نہ کی جائے۔